# تاریخ دارمی

عثمان بن سعید الدارمی

(200-280ھ)

مترجم: محمد سعید عمران

(مطبوعہ عربی بتحقیق الدکتور احمد محمد نور سیف
طبع دار المامون للتراث، دمشق / بیروت۔

www.KitaboSunnat.com

پی ڈی ایف ایڈیشن

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قُلْ أَطِيعُوا اللَّهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ

مجلس التحقیق الاسلامی کے زیر اہتمام

محدث لائبریری

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

## معزز قارئین توجہ فرمائیں

- کتاب وسنت ڈاٹ کام پر دستیاب تمام الیکٹرانک کتب...عام قاری کے مطالعے کیلئے ہیں۔
- مجلس التحقیق الاسلامی کے علمائے کرام کی باقاعدہ تصدیق واجازت کے بعد (Upload) کی جاتی ہیں۔
- دعوتی مقاصد کیلئے ان کتب کو ڈاؤن لوڈ (Download) کرنے کی اجازت ہے۔

## تنبیہ

ان کتب کو تجارتی یا دیگر مادی مقاصد کیلئے استعمال کرنے کی ممانعت ہے
کیونکہ یہ شرعی، اخلاقی اور قانونی جرم ہے۔

اسلامی تعلیمات پر مشتمل کتب متعلقہ ناشرین سے خرید کر تبلیغ دین کی کاوشوں میں بھرپور شرکت اختیار کریں

PDF کتب کی ڈاؤن لوڈنگ، آن لائن مطالعہ اور دیگر شکایات کے لیے درج ذیل ای میل ایڈریس پر رابطہ فرمائیں۔

KitaboSunnat@gmail.com

www.KitaboSunnat.com

www.KitaboSunnat.com



# تاریخ دارمی

عثمان بن سعید الدارمی

(۲۰۰۔۲۸۰ھ)

مترجم: محمد سعید عمران

(مطبوعہ عربی بتحقیق الدکتور احمد محمد نور سیف)

طبع دارالمامون للتراث، دمشق / بیروت۔

## پی ڈی ایف ایڈیشن

کتاب کی اولین فہرست

رواۃ کی تفصیلی فہرست

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

یہ کتاب کسی مالی فائدہ کے لئے شائع نہیں کی جارہی اور نہ

ہی اس کتاب کو کسی مالی فائدہ کے لئے استعمال کرنے کی اجازت ہے۔

اللہ تعالیٰ کا شکر ہے جس نے مجھے تحقیق کی توفیق دی۔

نبی ﷺ پر صلوۃ و سلام ہے کے جن کے ذریعے سے ہم دین سے آشنا ہوئے۔

سلام ہے ان پر جنھوں دین کے لئے کوشش کی اور تحقیق کا ایک بڑا ذخیرہ ہمارے فائدے کے لئے چھوڑا۔

دُعا اور شکریہ ہے ان حضرات کے لئے جنھوں نے میری حوصلہ افزائی کی، میرے لئے دعا کی اور میری تحقیق کے لئے آسانیاں مہیا کرتے رہے۔

اللہ تعالیٰ ہمیں دینِ کامل پر چلنے کی توفیق دے۔ امین۔

کتاب کی اولین فہرست

رواۃ کی تفصیلی فہرست

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



# فہرست



| نمبر شمار | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| ۱۔ | آغاز--------------------------------- | ۶ |
| ۲۔ | امام یحییٰ بن معین-------------------------- | ۷ |
| ۳۔ | امام عثمان بن سعید دارمی----------------------- | ۱۲ |
| ۴۔ | کتاب کی سند---------------------------- | ۱۶ |
| | راویان | |
| ۵۔ | اصحابِ زہری---------------------------- | ۱۷ |
| ۶۔ | اصحابِ قتادہ---------------------------- | ۱۹ |
| ۷۔ | اصحابِ اعمش--------------------------- | ۲۳ |
| ۸۔ | اصحابِ ایوب---------------------------- | ۲۵ |
| ۹۔ | اصحاب عمرو بن دینار------------------------ | ۲۶ |
| ۱۰۔ | اصحابِ شعبی--------------------------- | ۲۷ |
| ۱۱۔ | اصحابِ ابراہیم------------------------- | ۲۸ |
| ۱۲۔ | اصحابِ ابو اسحاق السبیعی---------------------- | ۲۹ |
| ۱۳۔ | اصحابِ منصور--------------------------- | ۳۰ |
| ۱۴۔ | اصحابِ سفیان--------------------------- | ۳۱ |
| ۱۵۔ | اصحابِ شعبہ---------------------------- | ۳۳ |
| ۱۶۔ | حروف تہجی کے اعتبار سے راویان------------------ | ۳۴ |
| ۱۷۔ | تفصیلی فہرست--------------------------- | ۱۲۷ |



کتاب کی اولین فہرست　　　　　　　　　　رواۃ کی تفصیلی فہرست

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ “

www.KitaboSunnat.com



# بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمدللہ رب العالمین، والصلاۃ والسلام علی اشرف المرسلین، سیدنا محمد و علی آلہ وصحبہ اجمعین۔

رجال کے سلسلے میں "تاریخِ دارمی" ایک مختصر کتاب ہے جس میں رجال کے امام یحییٰ بن معین کے اقوال موجود ہیں۔ یہ کتاب دراصل ان سوالات پر مشتمل ہے جو کہ عثمان بن سعید دارمی نے امام یحییٰ بن معین سے مختلف رواۃ کے بارے میں پوچھے تھے اور دارمی نے یحییٰ بن معین کے جوابات قلم بند کئے۔

اس کتاب میں ترجمے کی جتنی بھی غلطیاں ہیں وہ مترجم کی اپنی ہیں اور اصل مطبوعہ کتاب سے ان کا کوئی تعلق نہیں ہے۔ امید ہے کہ دلچسپی رکھنے والے حضرات اگر اس میں غلطیاں دیکھیں تو ضرور نشان دہی کریں گے تا کہ ان کو درست کیا جا سکے۔

جزاک اللہ۔

محمد سعید عمران

0336-1519659

Saeedimranx2@gmail.com

کتاب کی اولین فہرست

رواۃ کی تفصیلی فہرست

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



# امام یحییٰ بن معین (۱۵۸-۲۳۳ھ)

امام یحییٰ بن معین تیسری صدی ہجری کے ان درخشاں ستاروں میں سے ہیں جن کو ڈوبے ایک زمانہ گزر گیا، لیکن ان کی روشنی آج تک موجود ہے اور یوں لگتا ہے کہ ابھی ماضی قریب کی کوئی شخصیت ہے۔ آپ کا دور علم حدیث کا معیاری دور تھا، معرفت رجال، جرح و تعدیل اور علل حدیث کا سنہرا دور تھا۔ اسی عصر میں امام اہل سنہ امام احمد بن حنبل، علی بن مدینی، اسحاق بن راہویہ جیسے اصحابِ عزم و حوصلہ اور اہل بصیرت علماء موجود تھے۔

**ولادت**: آپ کی ولادت آپ کے اپنے قول کے مطابق ابو جعفر منصور کے عہدِ حکومت میں ۱۵۸ھ میں ہوئی۔

**نام و نسب**: آپ کا نام و نسب یحییٰ بن معین بن عون بن زیاد بن بسطام بن عبد الرحمان مری ہے۔ کچھ کے نزدیک آپ کا نام و نسب یوں ہے: یحییٰ بن معین بن غیاث بن زیاد بن عون بن بسطام۔

علامہ ابن خلکان فرماتے ہیں کہ: پہلی بات زیادہ صحیح اور مشہور ہے۔

آپ کی کنیت ابو زکریا اور نسبت ولاء غطفانی ہے۔ آپ انبار کے رہنے والے تھے۔ پرورش و پرداخت بغداد میں ہوئی۔ آپ کے والد عبد اللہ بن مالک کے کاتب تھے۔

یحییٰ بن معین نے فرمایا کہ میں عرب نہیں ہوں، ان کا مولیٰ ہوں، میں جنید بن عبد الرحمان المُری کا مولیٰ ہوں۔

**سفر علم**: فن حدیث سے آپ کے شغف کا یہ عالم تھا کہ آپ نے بغداد جیسے مرکز علم و فن پر اکتفانہ کیا بلکہ مختلف مقامات کا سفر کیا ۔ جس میں عراق، حجاز، جزیرہ، شام، مصر، یمن قابل ذکر ہیں۔

اقتصادی حالت: آپ کے والد محترم معین بن عون سرکاری ملازم ہونے کی وجہ سے کافی مالدار تھے اس لئے وراثت میں زر کثیر چھوڑ کر گئے۔ امام یحییٰ بن معین نے وہ ساری دولت علم حدیث حاصل کرنے میں صرف کر دی اور ایک زمانہ ایسا بھی آیا کہ پیر میں جوتی تک میسر نہ تھی۔

**اساتذہ و شیوخ روایت**: اسماعیل بن علیہ، اسماعیل بن عیاش، اسماعیل بن مجالد بن سعید، بہز بن اسد، جریر بن عبد الحمید، حاتم بن اسماعیل، حجاج بن محمد الاعور، حسن بن واقع الرملی، حسین بن محمد المروذی، حفص بن غیاث النخعی، حکام بن سلم الرازی، حکم بن

کتاب کی اولین فہرست　　　　رواۃ کی تفصیلی فہرست

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



نافع، حماد بن اسامہ، حماد بن خالد الخیاط، روح بن عبادہ، زکریا بن یحییٰ بن عمارہ، سعید بن ابی مریم المصری، سفیان بن عیینہ، سکن بن اسماعیل، سوارہ بن عمارہ الرملی، شبابہ بن سوار، عباد بن عباد المہلبی، عبد اللہ بن رجاء المکی، عبد اللہ بن صالح المصری، عبد اللہ بن المبارک، عبد اللہ بن نمیر، عبد اللہ بن یوسف التنیسی، عبد الاعلیٰ بن مسہر، عبد الرحمان بن غزوان، عبد الرحمان بن مہدی، عبد الرزاق بن ہمام، عبد السلام بن حرب المُلائی، عبد الصمد بن عبد الوارث، عبد الملک بن قریب الاصمعی، عبدہ بن سلیمان الکلابی، عثمان بن صالح السہمی، عفان بن مسلم، علی بن عیاش الحمصی، علی بن ہاشم البرید، حص بن عمر بن عبد الرحمان الابار، عمر بن عبید الطنافسی، عمرو بن الربیع بن طارق المصری، عیسیٰ بن یونس، فضل بن دکین، قریش بن انس، محمد بن جعفر غندر، محمد بن عبد اللہ الانصاری، محمد بن ابی عدی، مروان بن معاویہ الفزاری، معاذ بن معاذ العنبری، معن بن عیسیٰ القزاز، ہشام بن یوسف الصنعانی، ہشیم بن بشیر، وکیع بن الجراح، وہب بن جریر بن حازم، یحییٰ بن زکریا بن ابی زائدہ، یحییٰ بن سعید الاموی، یحییٰ بن سعید القطان، یحییٰ بن صالح الوحاظی، یعقوب بن ابراہیم بن سعد الزہری، ابو عبیدہ الحداد، ابو معاویہ الضریر۔

ان اساتذہ کا آپ کے ناقدانہ مزاج، علمی بصیرت، ذوق طلب، صحیح و سقیم کی معرفت اور جمع حدیث پر بہت گہرا اثر پڑا یہاں تک کہ "امیر المؤمنین فی الحدیث"، امام جرح وتعدیل اور "شیخ المحدثین" کے خطاب سے نوازا گیا۔

**تلامذہ:** بخاری، مسلم، ابوداود، ابراہیم بن عبد اللہ بن الجنید الختلی، ابراہیم بن یعقوب الجوزجانی، احمد بن ابراہیم الدورقی، احمد بن الحسن بن عبد الجبار الصوفی الکبیر، احمد بن حنبل، احمد بن ابی الحواری، احمد بن ابی خیثمہ، احمد بن علی بن سعید المروزی القاضی، احمد بن علی بن المثنیٰ الموصلی، احمد بن محمد بن جعفر الطرسوسی، احمد بن محمد بن عبید اللہ بن التمار المقریء، احمد بن محمد بن القاسم بن محرز البغدادی، احمد بن محمد بن یحییٰ، احمد بن یحییٰ بن جابر البلاذری، احمد بن منصور الرمادی، جعفر بن محمد بن الحسن الفریابی، جعفر بن محمد بن ابی عثمان الطیالسی، حسین بن الحسن الرازی، حسین بن محمد بن عبد الرحمان بن مفہم، حنبل بن اسحاق بن حنبل، داود بن رُشید، زہیر بن حرب، عباس بن محمد الدوری، عبد اللہ بن احمد بن ابراہیم الدورقی، عبد اللہ بن احمد بن حنبل، عبد اللہ بن شعیب الصابونی، عبد اللہ بن محمد المسندی، عبد اللہ (غیر منسوب، کہا جاتا ہے کہ یہ ابن حماد الآملی ہے)، عبد الخالق بن منصور، فضل بن سہل الاعلرج، لیث بن عبدہ المروزی، محمد بن اسحاق الصاغانی، محمد بن سعد کاتب واقدی، محمد بن عبد اللہ بن المبارک المخرمی، محمد بن ہارون الفلاس المخرمی، محمد بن وضاح القرطبی، محمد بن یحییٰ الذہلی، مضر بن محمد الاسدی، معاویہ بن صالح، مفضل بن غسان

کتاب کی اولین فہرست    رواۃ کی تفصیلی فہرست

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



الغلابی، ہناد بن السری التیمی، یعقوب بن ابراہیم الدورقی، یعقوب بن شیبہ السدوسی، ابو حاتم رازی، ابو زرعہ رازی، ابو زرعہ دمشقی۔

**علمی مقام:** آپ کے علم کا اندازہ امام بن مدینی کے اس بیان سے کیا جاسکتا ہے، جس میں انہوں نے فرمایا کہ حجاز، کوفہ اور بصرہ کا علم چھ افراد پر ختم ہوا، ان چھ افراد کا علم حجاز، شام، کوفہ، بصرہ کے بارہ آدمیوں میں منتشر ہوا، جن کو محمد بن اسحاق، ہشام، یحییٰ بن سعید، ابن ابی زائدہ، وکیع، ابن مبارک، ابن مہدی، ابن آدم نے جمع کیا، پھر ان سارے لوگوں کا علم سمٹ کر یحییٰ بن معین کے پاس جمع ہوگیا۔

یہی وجہ ہے کہ آپ مرجع خلائق بن گئے۔

علمی وقار کا یہ عالم تھا کہ امام احمد بن حنبل جیسے صاحب بصیرت آپ سے احادیث کی تصیح کراتے تھے۔

آپ جس مجلس میں پہنچ جاتے تھے وہاں ہیبت طاری ہو جاتی تھی، اور بڑے بڑے مشائخ پر لرزہ طاری ہو جاتا تھا، حتیٰ کہ بعض کے ہاتھ سے کتابیں گر گئیں۔

جرح وتعدیل میں آپ کا مقام: جرح و تعدیل اور اسماء رجال کی معرفت میں آپ کو خاص ملکہ حاصل تھا، آپ اس فن کے امام وقت عظیم محدث اور سب سے بڑے ناقد سمجھے جاتے تھے۔

ابن سعد لکھتے ہیں کہ آپ نے حدیثیں لکھنے والوں سے کثرت سے نقل کی ہے، اور اس میں آپ مشہور ہیں، لیکن حدیثیں بیان نہیں کیں۔

آج کوئی بھی فن جرح وتعدیل کی کتاب نہیں جو آپ کے اقوال سے خالی ہو، امام ابن ابی حاتم فرماتے ہیں کہ "کان من العلماء الجھابذۃ النقاد فی الطبقۃ الثالثہ ببغداد"۔

امام احمد بن حنبل، یحییٰ بن معین کے بارے میں فرماتے ہُں کہ یہاں ایک ایسی شخصیت ہے جس کو اللہ تعالیٰ نے افتراء پردازویوں کو ظاہر کرنے کے لئے پیدا کیا ہے، آپ کسی کی پرواہ کئے بغیر راویوں کے عیوب بیان کرتے تھے۔

امام احمد بن حنبل کا بیان ہے کہ ہم میں ابن معین سب سے زیادہ رجال حدیث کے بارے میں معلومات رکھتے تھے۔

کتاب کی اولین فہرست　　　　رواۃ کی تفصیلی فہرست

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



ابن حاتم فرماتے ہیں کہ میں نے اپنے والد سے ان کے بارے میں پوچھا تو انہوں کہا کہ: امام ہیں۔

ابو علی صالح بن محمد سے کسی نے سوال کیا کہ فن حدیث میں سب سے زیادہ ماہر کون ہے؟ امام احمد بن حنبل یا یحییٰ بن معین؟ تو انہوں نے کہا فقہ اور اختلافی مسائل کی معرفت میں امام احمد ہیں، لیکن رجال حدیث، ان کی کنیت و نام کے بارے میں یحییٰ بن معین کو سب سے زیادہ معلومات ہے۔

ابو سعید الحداد فرماتے ہیں کہ سارے لوگ یحییٰ بن معین کے محتاج ہیں۔

امام نسائی فرماتے ہیں کہ آپ ثقہ اور معتمد آئمہ حدیث میں سے ہیں۔

امام ابو داود سے سوال کیا گیا کہ رجال کے بارے میں زیادہ معلومات یحییٰ بن معین کو ہے یا علی بن مدینی کو؟ تو انہوں نے فرمایا کہ یحییٰ بن معین کو، علی بن مدینی کے پاس شامیوں کے بارے میں زیادہ معلومات نہیں ہیں۔

عمرو بن ناقد فرماتے ہیں کہ یحییٰ بن معین سے زیادہ اسناد کے بارے میں معلومات والا کوئی نہیں تھا۔

خلیلی فرماتے ہیں کہ آپ قدیم و جدید ہر قسم کے راویوں کا حال جانتے تھے۔

خطیب بغدادی کہتے ہیں کہ امام ربانی، عالم، حافظ، ثبت اور متقن تھے۔

ابن رجب حنبلی فرماتے ہیں کہ آپ جرح و تعدیل کے امام مطلق ہیں۔

ذہبی کہتے ہیں کہ آپ امام حافظ شیخ المحدثین ہیں، آپ تعریف کے محتاج نہیں ہیں۔

ابن حجر نے کہا کہ آپ دسویں طبقہ کے ثقہ حافظ مشہور، امام جرح و تعدیل ہیں۔

انہی ساری خوبیوں کی بنیاد پر آپ کو "امیر المؤمنین فی الحدیث" کے خطاب سے بھی نوازا گیا ہے۔

کتاب کی اولین فہرست　　　　رواۃ کی تفصیلی فہرست

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



وفات: ۲۳۳ھ میں بچھتر ۷۵ سال کی عمر میں مدینہ منورہ میں انتقال ہوا اور اس تخت پر جس پر رسول پاک ﷺ کو غسل دیا گیا تھا اس خادم سنت کو بھی غسل دیا گیا، ایک عالم نے یہ جنازہ پڑھا اور اعلان ہو رہا تھا کہ یہ رسول پاک ﷺ سے دروغ کو دفع کرنے والے کا جنازہ ہے۔

آپ کو جنت البقیع میں سپرد خاک کیا گیا۔

مصادر ترجمہ:

**طبقات ابن سعد ۹/۳۵۷ح۴۳۹۹ (اردو ۷/۲۳۹)، مقدمہ تاریخ یحییٰ بن معین ۱/۵۲، علل احمد (فہرست ۴/۳۵۳)، تاریخ الکبیر ۸/۳۰۷ح۳۱۱۶، ثقات العجلی ۲/۳۵۷ح۱۹۹۷، المعرفہ والتاریخ (فہرست ۴/۴۰۵)، الجرح والتعدیل ۱/۳۱۴، ۳/۱۸، ۹/۱۹۲ح۸۰۰، الثقات ۹/۲۶۲، تاریخ بغداد ۱۶/۲۶۳ح۴۳۶۷، طبقات الحنابلہ ۲/۵۳۰ح۵۳۰، معجم المشتمل ص ۳۲۲ح۱۱۶۲، الکامل فی التاریخ ۶/۱۱۶، تہذیب الکمال ۳۱/۵۴۳ح۶۹۲۶، المنتظم ۱۱/۲۰۲ح۱۳۶۷، العبر ۲/۲۱، ۲۷، ۸۳، ۹۸، ۱۲۴، ۱۳۱، ۱۵۷، ۲۹۵ ، تذکرۃ الحفاظ ۲/۴۲۹، تاریخ اسلام ۱۷/۴۰۴ح۴۹۵، میزان الاعتدال ۷/۲۲۲ح۹۶۴۴ (اردو ۷/۲۱۹ح۹۶۴۴)، سیر اعلام النبلاء ۱۱/۷۱، الکاشف ۲/۳۷۶ح۶۲۵۰ ، تذہیب التہذیب ۱۰/۳۴ح۷۶۹۶ ، البدایہ والنہایہ ۱۱/۱۳۳، تہذیب التہذیب ۷/۱۰۶ح۸۹۵۲، تقریب التہذیب ۵/۳۸۶ح۷۷۰۱، وفیات الاعیان ۶/۱۳۹ح۷۹۱، شذرات الذہب ۳/۱۵۵۔**

کتاب کی اولین فہرست

رواۃ کی تفصیلی فہرست

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com


# عثمان بن سعید الدارمی (۲۰۰۔۲۸۰ھ)

وہ امام حافظ ناقد، ثقہ علماء میں سے ایک، ابو سعید، عثمان بن سعید بن خالد التمیمی الدارمی، السجستانی، جو کہ ہرات میں وارد ہوئے اور وہاں کے محدث ہوئے۔

**ولادت:** امام ذہبی کہتے ہیں کہ ۲۰۰ ھجری سے کچھ پہلے پیدا ہوئے۔

طلب علم کے لیے سفر اور وہ شیوخ جن سے آپ نے علم اخذ کیا۔

دارمی نے طلب علم کے لیے کثیر سفر کیے، اور طلبِ حدیث کے لیے ملک در ملک رحلت کی۔ آپ نے حرمین، شام، مصر، عراق، جزیرہ اور عجم میں ایک خلقِ کثیر سے علم اخذ کیا۔

مصر میں آپ نے سعید بن ابی مریم، عبد الغفار بن داود الحرانی، نعیم بن حماد، ابو صالح عبد اللہ بن صالح کاتبِ لیث اور ان حضرات کے طبقہ سے سماع کیا۔

عراق میں آپ نے سلیمان بن حرب، موسیٰ بن اسماعیل التبوذکی، محمد بن کثیر اور سہیل بن بکار سے بصرہ میں سماع کیا، اور یہاں آپ نے یحییٰ بن معین کے ہمراہ حدیث لکھی۔ اور یحییٰ بن عبد الحمید الحمانی، ابو بکر ابن ابی شیبہ، احمد بن یونس اور ابو غسان سے کوفہ میں سماع کیا۔

آپ نے ابو ربیع الزہرانی، سلیمان بن داود البصری اور ہیثم بن خارجہ سے بغداد میں سماع کیا۔

شام میں آپ نے ہشام بن عمار، سلیمان بن عبد الرحمان التمیمی، ہشام بن خالد، حماد بن مالک الحرستانی سے دمشق میں سماع کیا۔

آپ نے ابو توبہ ربیع بن نافع سے حلب میں سماع کیا۔

آپ نے ابو یمان الحمصی، یحییٰ بن صالح الوحاظی، حیوۃ بن شریح، ابراہیم بن العلاء بن زبر، ربیع بن روح، یزید بن عبد ربہ سے حمص میں سماع کیا۔

حران میں آپ نے ابو جعفر موسیٰ بن اسماعیل النفیلی سے سماع کیا۔

کتاب کی اولین فہرست　　　　رواۃ کی تفصیلی فہرست

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



اور آپ نے محمد بن عبد اللہ بن بکر الخزاعی المقدسی سے سماع کیا اور محبوب بن موسیٰ الانطاکی سے بھی سماع کیا اور شام میں ان کی معیت میں حدیث لکھی، اس کے علاوہ آپ نے حسن بن علی، ابو علی الخلال الحلوانی اور محمد بن صالح کیلجہ بغدادی سے سماع کیا۔

حجاز میں آپ نے اسماعیل بن ابی اویس سے سماع کیا۔

خراسان میں آپ نے اسحاق بن ابی راہویہ سے سماع کیا۔

پھر آپ جرجان آگئے اور ۲۷۳ ھجری میں وہاں قیام کیا۔

آپ نے اپنے ان سفروں میں ایک خلق کثیر کے حوالے سے روایت کی جن میں عبد اللہ بن رجاء الغدانی البصری، فروہ بن ابی المغراء الکوفی، محمد بن المنہال الحزامی، عمرو بن عون الواسطی البصری، مسلم بن ابراہیم البصری اور مسدد بن مسرہد وغیرہ شامل ہیں۔

آپ نے اپنے ان سفروں کے دوران اپنے شیوخ سے کثیر علوم کا اعادہ کیا۔ آپ نے یحییٰ بن معین کی مجلس میں ان سے رجال کے حوالے سے سوالات کئے اور ان سے علم اخذ کیا، اس کے علاوہ علی بن المدینی، احمد بن حنبل، اسحاق بن راہویہ سے علمِ حدیث، علل اور نقدِ رجال کا علم اخذ کیا۔

آپ نے ابو یعقوب البویطی صاحب شافعی سے فقہ کا علم اخذ کیا اور ابن اعرابی کے حوالے سے آداب کا علم اخذ کیا۔

اس کے علاوہ آپ نے ابراہیم بن عبد اللہ بن العلاء بن زبر، ہشام بن عمار، سلیمان بن عبد الرحمان، ہشام بن خالد، حماد بن مالک الحرستانی، حیوۃ بن شریح، یحییٰ بن صالح الوحاظی، ربیع بن نافع، عبد الرحمان بن یحییٰ بن اسماعیل بن عبید اللہ، محبوب بن موسیٰ الفراء، سعید بن ابی مریم، نعیم بن حماد، عبد اللہ بن صالح، عبد الغفار بن داود الحرانی، موسیٰ بن محمد اللقاوی، فروہ بن ابی المغراء، یحییٰ الحمانی، ابو بکر ابن ابی شیبہ، موسیٰ بن اسماعیل التبوذکی، محمد بن عبد اللہ الخزاعی، محمد بن المنہال الضریر، علی بن المدینی، ابو ربیع الزہرانی، اسحاق بن راہویہ، ابراہیم بن المنذر الحزامی اور عمرو بن عوف الواسطی وغیرہ سے سماع کیا۔

**آپ کے بارے میں علماء کی تعریف:** ابو داود سے جب عثمان بن سعید الدارمی کے بارے میں سوال کیا گیا تو انہوں نے کہا: ہمیں ان کی حدیث کا علم سکھاؤ۔

کتاب کی اولین فہرست　　　　رواۃ کی تفصیلی فہرست

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



ابو الفضل، یعقوب بن اسحاق الہروی نے بیان کیا: ہم نے عثمان کی مثل کوئی نہیں دیکھا، اور نہ ہی میں نے عثمان کی طرح کا کوئی دیکھا۔

ابو حامد الاعمشی نے بیان کیا: میں نے محدثین میں محمد بن یحییٰ، عثمان بن سعید اور یعقوب بن سفیان الفسوی جیسا نہیں دیکھا۔

ابو عبد اللہ بن ابی الفضل نے بیان کیا کہ میں نے ابو الفضل القراب سے کہا: کیا آپ نے عثمان بن سعید الدارمی سے افضل کوئی دیکھا تو انہوں نے چند لمحے خاموشی اختیار کی اور پھر کہا: ہاں، ابراہیم الحربی۔

ابو زرعہ سے عثمان بن سعید الدارمی کے بارے میں سوال کیا گیا تو انہوں نے کہا: وہ حسن التصنیف تھے۔

ابو الفضل الجارودی نے کہا: عثمان ایسے امام تھے جن کی اقتداء ان کی زندگی میں اور موت کے بعد کی جاتی ہے۔

آپ نے مندرجہ ذیل کتب تصنیف کیں۔

(۱) المسند الکبیر

(۲) کتاب فی الرد علی الجہمیہ

(۳) کتاب فی الرد علی بشر المریسی

(۴) سؤالات عن الرجال لیحییٰ بن معین

**تلامیذہ:** آپ سے ابن خزیمہ نے روایت کی جن کے آپ شیخ تھے۔ اس کے علاوہ ابو یحییٰ زکریا بن احمد بن یحییٰ البلخی، جو کہ تاریخ دارمی کے اس نسخہ کے بھی راوی ہیں نے روایت کی۔ اور احمد بن محمد بن عبدوس الطرائفی، مؤمل بن الحسن بن عیسیٰ الماسرجسی، ابو عمرو احمد بن محمد الحیری، ابو العباس احمد بن محمد بن الازہر السجزی، محمد بن یوسف الہروی، ابو عبد اللہ محمد بن اسحاق الہروی، حسن بن علی بن نصر الطوسی، ابو النضر محمد بن محمد الطوسی الفقیہ، حامد الرفاء، محمد بن ابراہیم الصرام، ابو الفضل یعقوب بن اسحاق القراب اور اہل ہرات و نیشاپور کی ایک خلق کثیر نے آپ کے حوالے سے روایت کی۔

کتاب کی اولین فہرست

رواۃ کی تفصیلی فہرست

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



محمد بن یونس نے بیان کیا کہ عثمان بن سعید الدارمی کی وفات ذی الحجہ ۲۸۰ ھجری میں ہوئی۔ ایسا ہی قراب وغیرہ نے بھی کہا ہے۔ آپ کی وفات ہرات میں ہوئی۔ ابو عبداللہ الضبی نے اپنے شیوخ کے حوالے سے بیان کیا کہ ان کی وفات ۲۸۲ ھجری میں ہوئی۔

ذہبی نے کہا کہ ابو عبداللہ الضبی نے جو روایت کیا ہے اس میں وہم ہے۔

مصادر ترجمہ:

**الجرح والتعدیل ۶/۱۵۳ح۸۳۷، تاریخ دمشق ۳۸/۳۶۱ح۴۵۹۴، تذکرۃ الحفاظ ۲/۶۲۱، العبر، سیر اعلام النبلاء ۱۳/۳۱۹، طبقات الشافعیہ ۲/۳۰۵۔**



" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



# کتاب کی سند

اس کتاب کی تحقیق نسخہ فریدہ کے مطابق ہے، جس کی اصل مکتبہ شیخ سلیمان بن صالح بن حمد بن بسام میں ہے، محقق کو یہ نسخہ قاہرہ کے مخطوطات میں ملا۔ اس نسخہ کے پہلے صفحہ پر "تاریخ عثمان بن سعید الدارمی عن یحییٰ بن معین فی تجریح الرواۃ وتعدیلھم" کے الفاظ ہیں۔

اس کتاب کی نسبت دارمی کی طرف کی گئی ہے جو کہ قابل اعتبار ہے۔ اس نسخہ میں ۲۷ اوراق ہیں اور ہر ورقے پر سطور کی تعداد اوسطاً ۲۲ ہے۔ یہ نسخہ محمد بن ابی عبد اللہ بن جبریل الانصاری کے ہاتھ کا لکھا ہوا ہے جسے انہوں نے ۲۵ جمادی الاول ۶۲۸ ھجری کی رات کو مکمل کیا۔

یہ نسخہ محمد بن محمد الکجی نے ابوزکریا یحییٰ بن احمد بن نعمہ المقدسی (۶۳۰-۷۱۶ھ) سے بطور اجازت سماع کیا، جنھوں نے اسے ابو الحسن محمد بن ابی جعفر، احمد بن علی القرطبی (۵۷۵-۶۴۳ھ) کے حوالے سے روایت کیا، انہوں نے اسے ابو طاہر، احمد بن محمد بن احمد بن سلفہ السلفی (۴۷۲-۵۷۶ھ) کے حوالے سے روایت کیا، انہوں نے اسے ابو عبد اللہ، محمد بن ابی العباس، احمد بن ابراہیم الرازی کے حوالے سے روایت کیا، انہوں نے اسے ابو الحسن محمد بن الحسین بن السری نیشاپوری کے حوالے سے روایت کیا، انہوں نے اسے ابو محمد، الحسن بن رشیق العسکری (۲۸۳-۳۷۰ھ) کے حوالے سے روایت کیا، انہوں نے اسے ابو بشر، محمد بن احمد بن حماد الدولابی (۲۲۴-۳۱۰ھ) کے حوالے سے روایت کیا، انہوں نے اسے ابو عبد اللہ، معاویہ بن صالح بن ابی عبید اللہ الاشعری (م ۲۶۳ھ) کے حوالے سے روایت کیا۔

کتاب کی اولین فہرست          رواۃ کی تفصیلی فہرست

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



صفحہ 41

# اصحابِ زہری

میں نے یحیی بن معین سے زہری کے اصحاب کے بارے میں سوال کیا، میں نے ان سے کہا:

١) زہری کی حدیث میں آپ کو معمر پسند ہے یا مالک تو کہا: مالک۔

٢) میں نے کہا کہ یونس آپ کو پسند ہے اور عقیل یا مالک تو کہا: مالک۔

٣) میں نے کہا ابن عیینہ آپ کو پسند ہیں یا معمر تو کہا: معمر۔

٤) میں نے کہا کچھ لوگ کہتے ہیں کہ زہری کی حدیث میں (صفحہ ۴۲) لوگوں میں سے سب سے ثبت ابن عیینہ ہیں تو کہا کہ جس نے ان سے حدیث سنی ہے وہ یہی کہتا ہے۔ جبکہ سفیان زہری کے دنوں میں بچے تھے۔

٥) میں نے کہا یہ شعیب عن ابن ابی حمزہ؟ تو کہا کہ یونس اور عقیل کی طرح ثقہ ہے۔

ہم سے عثمان نے بیان کیا: انہوں نے کہا کہ میں نے یحیی بن معین کو کہتے سنا: شعیب بن ابی حمزہ زہری کے حوالہ سے سلطان کے لیے املاء کرتا تھا۔ وہ کاتب تھا۔

٦) میں نے کہا: الزبیدی؟۔ تو کہا کہ یہ انہی کی طرح ہے۔

صفحہ ۴۲

٧) میں نے کہا: ابراہیم بن سعد آپ کو پسند ہے یا لیث؟ تو کہا: دونوں ہی ثقہ ہیں۔

٨) میں نے کہا: معمر آپ کو زیادہ پسند ہے یا صالح بن کیسان؟ تو کہا: معمر مجھے زیادہ پسند ہے اور صالح بن کیسان ثقہ ہے۔



" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



۹) میں نے کہا: الماجشونی، وبن عبد العزیز؟ تو کہا: اس میں کوئی حرج نہیں۔

۱۰) عثمان نے ہم سے بیان کیا: انہوں نے کہا کہ میں نے احمد بن صالح کو کہتے سنا: ابن جریج جب کوئی خبر (اخبرنا) بیان کریں تو وہ جید ہے۔ اور جب کوئی خبر بیان نہ کریں تو اس میں عیب ہے۔

## صفحہ ۴۴

۱۱) میں نے کہا: صالح بن ابی الاخضر؟ تو کہا: زہری کی روایت میں یہ کوئی شے نہیں۔

۱۲) میں نے کہا: محمد بن ابی حفصہ؟۔ تو کہا: صویلح ہے، قوی نہیں ہے۔

۱۳) میں نے کہا: ابن جریج؟ تو کہا: زہری کی روایت میں یہ کوئی شے نہیں؟

۱۴) میں نے کہا: جعفر بن برقان؟ تو کہا: زہری کی روایت میں ضعیف ہے۔

۱۵) میں نے کہا: محمد بن اسحاق؟ تو کہا کہ اس میں کوئی حرج نہیں اور یہ زہری کی حدیث میں ضعیف ہے۔

۱۶) میں نے ان سے کہا: زہری آپ کو سعید بن مسیب کی حدیث میں زیادہ پسند ہے یا قتادہ؟ تو کہا: دونوں۔

۱۷) میں نے کہا: یہ دونوں آپ کو زیادہ پسند ہیں یا یحیٰی بن سعید؟ تو کہا: سب ثقہ ہیں۔

## صفحہ ۴۵

۱۸) میں نے ان سے کہا: عبد الرحمان بن اسحاق جو زہری سے روایت کرتا ہے؟ تو کہا؛ صالح ہے۔

۱۹) میں نے ان سے سفیان بن حسین کے بارے میں سوال کیا تو کہا: ثقہ ہے اور زہری کی حدیث میں ضعیف ہے۔

۲۰) میں نے ان سے کہا: معمر آپ کو پسند ہے یا یونس؟ تو کہا: معمر۔

۲۱) میں نے ان سے کہا: یونس آپ کو پسند ہے یا عقیل؟ تو کہا: یونس اوت عقیل ثقہ ہے۔ زہری کی حدیث میں نبیل ہے۔

کتاب کی اولین فہرست　　　　رواۃ کی تفصیلی فہرست

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



۲۲) میں نے ان سے اوزاعی کے بارے میں پوچھا کہ زہری کی حدیث میں وہ کیسا ہے؟ تو کہا: ثقہ ہے۔

۲۳) میں نے ان سے کہا: یونس کی کیا حیثیت ہے؟ تو کہا کہ یونس زہری کی سند ہے۔ اور اوزاعی ثقہ ہے اور اوزاعی نے بھی زہری کی روایت میں کم نہیں مانتا۔

صفحہ ۴۶

۲۴) ہم سے عثمان نے بیان کیا: انہوں نے کہا کہ میں نے احمد بن صالح کو کہتے سنا کہ ہم زہری کی حدیث میں یونس کے علاوہ کسی ایک کو بھی مقدم نہیں کرتے۔

احمد نے کہا کہ میں نے احادیث یونس بحوالہ زہری سنی ہیں تو مجھے ایک ہی حدیث ایسی ملی جو انہوں نے زہری سے دوبارہ سنی۔

احمد نے کہا کہ جب زہری ایلہ گئے تو یونس کی طرف گئے اور جب وہ شہر سے گزر رہے تھے تو یونس نے انہیں خلعت پہنائی۔

۲۵) میں نے یحییٰ سے کہا: زیاد بن سعید کی حدیث کا کیا حال ہے جو وہ زہری سے روایت کرتا ہے؟ تو کہا: ثقہ ہے۔

۲۶) میں نے کہا: سلیمان بن موسیٰ کا زہری کی حدیث میں کیا حال ہے؟ تو کہا: ثقہ ہے۔

۲۷) میں نے کہا: عبدالرحمان الجمحی کی زہری سے حدیث کا کیا حال ہے؟ تو کہا: میں نہیں جانتا۔

صفحہ ۴۷

۲۸) میں نے کہا: عنبسۃ بن عبدالرحمان عن زہری، جس کی روایت عنبسہ سے یحیی بن متوکل نے کی ہے؟ کہا: میں نہیں جانتا۔

کتاب کی اولین فہرست　　　　رواۃ کی تفصیلی فہرست

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com


٢٩) میں نے کہا: معمر بن عثمان جو اپنے والد کے حوالے سے ابن شہاب کی روایت کرتا ہے، ان دونوں کا کیا حال ہے؟ تو کہا: میں ان دونوں کو نہیں جانتا۔

صفحہ ٤٨

٣٠) میں نے کہا: ابن ابی ذئب کا زہری کے حوالے سے کیا حال کے؟ تو کہا: ابن ابی ذئب ثقہ ہے۔

٣١) اور میں نے ان سے زہری کے بھائی کے بارے میں سوال کیا کہ اس کی حدیث کیسی ہے؟ تو کہا: ثقہ ہے۔

٣٢) ہم سے عثمان نے بیان کیا انہوں نے کہا کہ میں نے احمد بن صالح کو کہتے سنا: یہ زہری سے روایت کرتا ہے اور زہری اس سے روایت کرتے ہیں۔

٣٣) میں نے یحییٰ سے زہری کے بھائی کے بیٹے کے بارے میں پوچھا کہ اس کا کیا حال ہے؟ تو کہا: ضعیف ہے۔



" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



صفحہ ۴۹

# اصحابِ قتادہ

ہم سے عثمان نے بیان کیا انہوں نے کہا کہ میں نے یحییٰ بن معین ست قتادہ کے اصحاب کے بارے میں سوال کیا۔

میں نے ان سے کہا:

٣٤) قتادہ کی حدیث میں دستوائی آپ کو پسند ہے یا سعید؟ تو کہا: دونوں۔

٣٥) میں نے کہا: ہمام آپ کو قتادہ کی حدیث میں پسند ہے یا ابان؟ تو کہا دونوں میں مقارب کوئی نہیں، دونوں ہی ثبت ہیں۔

٣٦) میں نے کہا: سلیمان التیمی؟ کہا: ثقہ ہے۔

٣٧) میں نے کہا: حماد بن سلمہ؟ کہا: ثقہ ہے۔

٣٨) میں نے کہا: حماد آپ کو پسند ہے یا ابو ہلال؟ تو کہا: حماد مجھے پسند ہے اور ابو ہلال صدوق ہے۔

صفحہ ۵۰

٣٩) میں نے کہا: ابو عوانہ؟ تو کہا: یہ حماد کے قریب ہے۔

٤٠) میں نے کہا: ہمام آپ کو قتادہ کی حدیث میں پسند ہے یا ابو عوانہ؟ تو کہا: ہمام مجھے ابو عوانہ سے زیادہ پسند ہے۔

٤١) میں نے کہا: معمر بن ابراہیم؟ تو کہا: ثقہ ہے۔

٤٢) میں نے کہا: حجاج، یعنی ابن ارطاۃ؟ تو کہا: صالح ہے۔

٤٣) میں نے کہا: سوید ابو حاتم، اس کا حال قتادہ کی حدیث میں کیا ہے؟ تو کہا: مجھے امید ہے کہ اس میں کوئی حرج نہیں۔

کتاب کی اولین فہرست          رواۃ کی تفصیلی فہرست

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



٤٤) میں نے کہا: سعید بن بشیر؟ تو کہا: ضعیف ہے۔

٤٥) ہم سے عثمان نے بیان کیا انہوں نے کہا کہ میں نے دحیم کو سعید بن بشیر کی توثیق کرتے سنا۔

صفحہ ۵۱

٤٦) میں نے یحییٰ سے کہا: شعبہ آپ کو قتادہ کی حدیث میں پسند ہے یا ہشام؟ تو کہا: دونوں۔

عثمان نے کہا: ہشام قتادہ کی حدیث شعبہ کے مقابلے میں کثیر ہے۔



” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ “

www.KitaboSunnat.com


# اصحابِ اعمش

ہم سے ابو سعید نے بیان کیا انہوں نے کہا: میں نے یحیٰ بن معین سے اصحاب اعمش کے بارے میں سوال کیا، میں نے کہا:

٤٧) سفیان اعمش کی حدیث میں آپ کو پسند ہے یا شعبہ؟ تو کہا سفیان مجھے اعمش کی حدیث میں پسند ہے۔

٤٨) میں نے کہا: زہیر آپ کو پسند ہے یا زائدہ؟ تو کہا: دونوں، یعنی ثبت ہیں۔

٤٩) میں نے کہا: ابو معاویہ آپ کو پسند ہے یا وکیع؟ تو کہا ابو معاویہ اس کا زیادہ علم رکھتا ہے اور وکیع ثقہ ہے۔

٥٠) میں نے کہا: جریر آپ کو پسند ہے یا ابن نمیر؟ تو کہا: دونوں۔

صفحہ ٥٢

٥١) میں نے کہا: ابن ادریس آپ کو زیادہ پسند ہے یا ابن نمیر؟ تو کہا: دونوں، البتہ ادریس اس سے اوپر ہے، اور وہ ہر شے میں ثقہ ہے۔

٥٢) میں نے کہا: ابو عوانہ اس میں آپ کو پسند ہے یا عبد الواحد؟ تو کہا ابو عوانہ پسند ہے اور عبد الواحد ثقہ ہے۔

٥٣) میں نے کہا: ابو شہاب اس کی حدیث میں آپ کو زیادہ پسند ہے یا ابو بکر بن عیاش؟ تو کہا: ابو شہاب مجھے تمام چیزوں میں ابو بکر سے زیادہ پسند ہے؟

٥٤) میں نے کہا: ابو بکر آپ کو اس کی حدیث میں پسند ہے یا ابو احوص؟ تو کہا: دونوں مقارب نہیں۔

٥٥) میں نے کہا: قطبہ اور حفص؟ تو کہا: دونوں ثقہ ہیں۔

صفحہ ٥٣

٥٦) میں نے کہا: شیبان کا اعمش کی حدیث میں کیا حال ہے؟ تو کہا: ہر شے میں ثقہ ہے۔

کتاب کی اولین فہرست　　　　رواۃ کی تفصیلی فہرست

” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ “

www.KitaboSunnat.com



٥٧) میں نے کہا: یزید بن عبد العزیز بن سیاہ؟ تو کہا: ثقہ ہے۔

٥٨) میں نے کہا: ابو عبیدہ اعمش کی حدیث میں، محمد بن ابی عبیدہ؟ تو کہا: میرے پاس اس کے اور اس کے والد کے بارے میں علم نہیں۔

٥٩) میں نے کہا: عیسیٰ بن یونس آپ کو پسند ہے یا ابو معاویہ؟ تو کہا: ثقہ ہے۔



" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



صفحہ ۵۴

# اصحاب ایوب

ہم سے عثمان نے بیان کیا انہوں نے کہا: میں نے یحییٰ سے ایوب سختیانی کے اصحاب کے بارے میں سوال کیا، میں نے کہا:

٦٠) حماد بن زید ایوب کی حدیث میں آپ کو پسند ہے یا ابن علیہ ؟ تو کہا: حماد بن زید۔

٦١) میں نے کہا: عبد الوارث ؟ تو کہا: حماد کی طرح ہے۔

عثمان بن سعید نے کہا: ایسا نہیں جیسا انہوں نے کہا۔ جبکہ عبد الوارث پر قدری ہونے کا الزام ہے البتہ وہ متقن تھا۔

٦٢) میں نے کہا: ثقفی ؟ تو کہا: ثقہ ہے۔

٦٣) میں نے کہا: یہ آپ کو ایوب کی حدیث میں زیادہ پسند ہے یا عبد الوارث ؟ تو کہا: عبد الوارث۔

صفحہ ۵۵

٦٤) میں نے کہا: ابن عیینہ ایوب کی حدیث میں آپ کو پسند ہے یا عبد الوارث ؟ تو کہا: عبد الوارث۔

٦٥) میں نے ان سے کہا: وہیب کا ایوب کی حدیث میں کیا حال ہے ؟ تو کہا: ثقہ ہے۔

٦٦) میں نے کہا: آپ کو یہ زیادہ پسند ہے یا ثقفی ؟ تو کہا: یہ بھی ثقہ ہے اور وہ بھی ثقہ ہے۔

کتاب کی اولین فہرست    رواۃ کی تفصیلی فہرست

” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ “

www.KitaboSunnat.com



# اصحاب عمرو بن دینار

ہمیں عثمان نے خبر دی جو ان کے سامنے پڑھی کہا: میں نے یحییٰ بن معین سے عمرو بن دینار کے اصحاب کے بارے میں سوال کیا، میں نے ان سے کہا:

٦٧) ابن عیینہ عمرو بن دینار کی حدیث میں آپ کو پسند ہے یا ثوری؟ تو کہا: ابن عیینہ اس کی حدیث میں زیادہ علم والا ہے۔

**صفحہ ٥٦**

٦٨) میں نے کہا: ابن عیینہ یو حماد بن زید؟ تو کہا: ابن عیینہ زیادہ علم رکھتے ہیں۔

٦٩) میں نے کہا: شعبہ؟ تو کہا: اور شعبہ نے ان سے کیا شے روایت کہ ہے؟ ان سے ایک سو احادیث روایت کی ہیں۔ یا اسی طرح کہا۔



" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



# اصحاب شعبی

مجھے عثمان نے خبر دی انہوں ننے کہا: میں نے یحیٰی بن معین سے شعبی کے اصحاب کے بارے میں سوال کیا۔ میں نے کہا:

۷۰) اسماعیل بن ابی خالد شعبی کی حدیث میں آپ کو پسند ہے یا شیبانی؟ تو کہا: اسماعیل بن ابی خالد، اور شیبانی ثقہ ہے۔

۷۱) میں نے کہا: فراس آپ کو پسند ہے یا بیان؟ تو کہا: دونوں ثقہ ہیں۔

**صفحہ ۵۷**

۷۲) میں نے کہا: زکریا آپ کو پسند ہے یا ابن ابی لیلیٰ؟ تو کہا: زکریا مجھے ہر شے میں زیادہ پسند ہے۔ ابن ابی لیلیٰ ضعیف ہے۔

۷۳) میں نے کہا: ابن عون جو روایت ابراہیم اور شعبی سے کرتا ہے؟ تو کہا: ہر شے میں وہ ثقہ ہے۔

۷٤) میں نے کہا: یہ آپ کو شعبی کی حدیث میں پسند ہے یا اسماعیل؟ تو کہا: اسماعیل اس کی حدیث میں زیادہ علم رکھتا ہے۔



” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ “

www.KitaboSunnat.com



# اصحابِ ابراهیم

مجھے عثمان نے خبر دی انہوں نے کہا: میں نے یحییٰ بن معین سے ابراہیم کے اصحاب کے بارے میں سوال کیا۔ میں نے کہا:

۷۵) میں نے کہا: اعمش ابراہیم کی حدیث میں آپ کو پسند ہے یا منصور؟ تو کہا: منصور مجھے پسند ہے۔

**صفحہ ۵۸**

۷۶) میں نے ان سے کہا: منصور اس کی حدیث مین آپ کو پسند ہے یا حکم؟ تو کہا: منصور۔

۷۷) میں نے کہا: منصور یا مغیرہ؟ تو کہا: منصور۔

۷۸) میں نے کہا: حکم اس کی حدیث میں آپ کو پسند ہے یا فضیل بن عمرو؟ تو کہا: حکم اس کی حدیث کا علم رکھتا ہے۔

۷۹) میں نے کہا: حماد بن سلیمان آپ کو پسند ہے یا شباک؟ تو کہا: شباک اور حماد ثقہ ہے۔

۸۰) میں نے کہا: محلی؟ تو کہا: ثقہ ہے۔

۸۱) میں نے کہا: حسن بن عمرو الفقیمی؟ تو کہا: ثقہ ہے۔

**صفحہ ۵۹**

۸۲) میں نے کہا: معروف بن واصل؟ تو کہا: ثقہ ہے۔

۸۳) انہوں نے کہا: اور میں نے ان سے عبیدہ کے بارے میں سوال کیا، میں نے کہا: ابراہیم نخعی کی حدیث کا کیا حال ہے؟ تو کہا: اس کی حدیث کوئی شے نہیں۔

کتاب کی اولین فہرست　　　رواۃ کی تفصیلی فہرست

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



# اصحاب ابو اسحاق السبیعی

مجھے ابو سعید نے خبر دی انہوں نے کہا: میں نے یحییٰ بن معین سے ابو اسحاق کے اصحاب کے بارے میں سوال کیا۔

میں نے کہا:

٨٤) شعبہ آپ کو ابو اسحاق کی حدیث میں پسند ہے یا سفیان؟ تو کہا: سفیان، میں نے کہا: یہ دونوں یا زہیر؟ تو کہا: ابو اسحاق کی حدیث مین سفیان اور شعبہ کے کے علاوہ کوئی اور عالم نہیں۔

٨٥) میں نے کہا: شریک آپ کو پسند ہے یا اسرائیل؟ تو کہا: شریک مجھے پسند ہے اور مقدم ہے، اور اسرائیل صدوق ہے۔

صفحہ ٦٠

٨٦) میں نے کہا: ابو احوص آپ کو اس کی حدیث میں پسند ہے یا ابو بکر بن عیاش؟ تو کہا: دونوں میرے لیے مقارب نہیں۔

٨٧) میں نے ان سے یونس بن ابی اسحاق کے بارے میں سوال کیا؟ تو کہا: ثقہ ہے۔



" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



# اصحاب منصور

مجھے عثمان نے خبر دی انہوں نے کہا: میں نے یحییٰ سے سوال کیا: میں نے کہا:

۸۸) جریر منصور کی حدیث میں آپ کو زیادہ پسند ہے یا شریک؟ تو کہا: جریر اس کی حدیث میں علم رکھتا ہے۔

۸۹) میں نے کہا: شریک منصور کی حدیث میں آپ کو پسند ہے یا ابو احوص؟ تو کہا: شریک اس میں علم رکھتا ہے۔

ابو سعید نے کہا: میں نے انہیں بولتے دیکھا: اور ابو احوص نے منصور سے کتنی روایت کی ہے؟



" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



صفحہ ٦١

# اصحاب سفیان

مجھے عثمان نے خبر دی انہوں نے کہا: میں نے یحییٰ بن معین سے سفیان کے اصحاب کے بارے میں سوال کیا۔ میں نے کہا:

٩٠) یحییٰ آپ کو سفیان کی حدیث میں پسند ہیں یا عبد الرحمان بن مہدی؟ تو کہا: یحییٰ۔

٩١) میں نے کہا: عبد الرحمان آپ کو پسند ہیں یا وکیع؟ تو کہا: وکیع۔

٩٢) میں نے کہا: وکیع آپ کو پسند ہے یا ابو نعیم؟ تو کہا: وکیع۔

٩٣) میں نے کہا: اشجعی؟ تو کہا: ثقہ۔

٩٤) میں نے کہا: ہشام بن معاویہ؟ تو کہا: صالح ہے، کوئی خاص نہیں ہے۔

صفحہ ٦٢

٩٥) میں نے کہا: اور زبیری، یعنی ابو احمد؟ تو کہا: اس میں کوئی حرج نہیں۔

٩٦) میں نے کہا: اور ابو اسحاق الفزاری؟ تو کہا ثقہ ثقہ ہے۔

٩٧) میں نے کہا: اور ابو داود الحفری؟ تو کہا: ثقہ ہے۔

٩٨) میں نے کہا: یحییٰ بن یمان؟ تو کہا: مجھے امید ہے کہ یہ صدوق ہی ہو گا۔ میں نے کہا: یہ اس کی حدیث میں کیسا ہے؟ تو کہا: قوی نہیں ہے۔

صفحہ ٦٣

٩٩) میں نے کہا: عبید اللہ بن موسیٰ؟ تو کہا: ثقہ ہے، یہ ابن الیمان کے قریب نہیں۔

کتاب کی اولین فہرست
رواۃ کی تفصیلی فہرست

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



(۱۰۰ میں نے کہا: قبیصہ؟ کہا: عبید اللہ کی طرح ہے۔

(۱۰۱ میں نے کہا: فاریابی؟ کہا: انہی کی طرح ہے۔

(۱۰۲ میں نے کہا: عبد الرزاق سفیان کی حدیث میں؟ تو کہا: انہی کی طرح ہے۔

(۱۰۳ میں نے کہا: اور ابو حذیفہ: تو کہا: انہی کی طرح ہے۔

(۱۰٤ میں نے کہا: یعلیٰ؟ تو کہا: سفیان کی حدیث میں ضعیف ہے اور باقی میں ثقہ ہے۔



" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com


صفحہ ٦٤

# اصحابِ شعبہ

عثمان نے ہمیں خبر دی انہوں نے کہا: میں نے یحییٰ بن معین سے اصحابِ شعبہ کے بارے میں سوال کیا۔ میں نے کہا:

١٠٥) شعبہ کی حدیث میں یحییٰ آپ کو پسند ہیں یا یزید بن زریع؟ تو کہا: دونوں ثقہ ہیں۔

١٠٦) میں نے کہا: غندر آپ کو پسند ہیں یا محمد بن ابی عدی؟ تو کہا: دونوں ثقہ ہیں۔

١٠٧) میں نے کہا: ابو داود آپ کو پسند ہیں یا حرمی بن عمارہ؟ تو کہا: ابو داود صدوق ہے۔ ابو داود مجھے پسند ہے۔

میں نے کہا: ابو داود آپ کو ان کی حدیث میں پسند ہے یا عبد الرحمان بن مہدی؟ تو کہا: ابو داود اس کی حدیث کا علم رکھتا ہے۔

صفحہ ٦٥

١٠٨) میں نے کہا: شبابہ؟ تو کہا: ثقہ ہے۔

١٠٩) میں نے کہا: معاذ شعبہ میں ثبت ہے یا غندر؟ تو کہا: یہ بھی ثقہ ہے اور وہ بھی ثقہ ہے۔

١١٠) ہم سے ابو سعید نے کہا: عبد الرحمان ہمیں ہر شے میں پسند ہے، اور ابو داود شعبہ سے روایت میں کثیر ہے۔

کتاب کی اولین فہرست        رواۃ کی تفصیلی فہرست

” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ “

www.KitaboSunnat.com



# الف

مجھے عثمان نے خبر دی انہوں نے کہا: میں نے یحییٰ بن معین سے کہا:

(۱۱۱ ابراہیم بن میسرہ کا کیا حال ہے؟ تو کہا: ثقہ ہے۔

(۱۱۲ میں نے کہا طاووس کی حدیث میں یہ آپ کو پسند ہے یا ابن طاووس؟ تو کہا: دونوں۔

صفحہ ٦٦

(۱۱۳ اور میں نے ان سے اشعث بن عبد الرحمان الجرمی کے بارے میں سوال کیا؟ تو کہا: ثقہ ہے۔

(۱۱٤ میں نے کہا: اور اس کا والد؟ تو کہا: ثقہ ہے۔

(۱۱٥ میں نے کہا: اسقع بن الاسلع کا کیا حال ہے؟ تو کہا: ثقہ ہے۔

(۱۱٦ اور میں نے ان سے اسلم العجلی کے حوالے سے سوال کیا؟ تو کہا: ثقہ ہے۔

(۱۱۷ میں نے کہا: اسود بن مسعود؟ تو کہا: ثقہ ہے۔

(۱۱۸ اور میں نے ان سے اسامہ بن زید یعنی لیثی کے بارے میں پوچھا؟ تو کہا: اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔

صفحہ ٦۷

(۱۱۹ میں نے کہا: آدم بن علی کا کیا حال ہے؟ تو کہا: ثقہ ہے۔

(۱۲۰ اور میں نے ان سے اصبغ بن زید الوراق کے بارے میں سوال کیا؟ تو کہا: ثقہ ہے۔

(۱۲۱ اور میں نے ان سے اسماعیل بن مسلم المکی کے بارے میں سوال کیا؟ تو کہا: کوئی شے نہیں۔

(۱۲۲ میں نے کہا: اسماعیل بن مسلم العبدی؟ تو کہا: ثقہ ہے۔

کتاب کی اولین فہرست　　　　رواۃ کی تفصیلی فہرست

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



۱۲۳) میں نے کہا: ایوب بن عتبہ آپ کو پسند ہے یا عکرمہ بن عمار؟ تو کہا عکرمہ مجھے پسند ہے۔ ایوب ضعیف ہے۔

۱۲۴) اور میں نے ان سے ایوب بن جابر کے بارے میں سوال کیا؟ تو کہا: کوئی شے نہیں۔

۱۲۵) اور میں نے ان سے ابان بن عبداللہ البجلی کے بارے میں سوال کیا؟ تو کہا: ثقہ ہے۔

صفحہ ٦٨

۱۲۶) میں نے کہا: اشعث السمان؟ تو کہا: ثقہ نہیں ہے۔

۱۲۷) اور میں نے ان سے ابراہیم بن الزبرقان کے بارے میں پوچھا؟ تو کہا: ثقہ ہے۔

۱۲۸) میں نے کہا: نافع کی حدیث میں آپ کو ایوب پسند ہے یا عبید اللہ؟ تو کہا؟ دونوں، کوئی افضل نہیں ہے۔

۱۲۹) میں نے کہا: اسامہ بن زید الصغیر یعنی ابن اسلم؟ تو کہا: ضعیف ہے۔

۱۳۰) انہوں نے کہا: شعبہ کہتے تھے: اسامہ بن زید الصغیر یہ (صفحہ ٦٩) لیثی نہیں ہے جس سے جعفر بن عون وغیرہ نے روایت کی ہے، یہ تین ہیں اسامہ بن زید اور عبداللہ بن زید اور عبدالرحمان بن زید۔

۱۳۱) اور میں نے ان سے افلح بن حمید کے بارے میں پوچھا؟ تو کہا: ثقہ ہے۔

۱۳۲) اور میں نے ان سے ابراہیم بن نافع کے بارے میں سوال کیا کہ اس کی حدیث کیسی ہے؟ تو کہا: ثقہ ہے۔

۱۳۳) میں نے کہا: اسماعیل بن جعفر المدینی کیسا ہے؟ تو کہا: ثقہ ہے۔

۱۳۴) اور میں نے ان سے ایاس بن سلمہ کے بارے میں سوال کیا؟ تو کہا: ثقہ ہے۔

۱۳۵) اور میں نے ان سے ایوب بن سوید یعنی رملی کے بارے میں سوال کیا؟ تو کہا: کوئی شے نہیں۔

کتاب کی اولین فہرست
رواۃ کی تفصیلی فہرست

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



١٣٦) میں نے کہا: اسماعیل بن عیاش آپ کے نزدیک کیسا ہے؟ تو کہا: مجھے امید ہے کہ اس میں کوئی حرج نہیں۔

**صفحہ ۷۰**

١٣٧) اور میں نے ان سے ارطاۃ بن المنذر کی حدیث کے بارے میں سوال کیا؟ تو کہا: ثقہ ہے۔

١٣٨) میں نے کہا: اسحاق بن منصور السلولی؟ تو کہا: اس میں کوئی حرج نہیں۔

١٣٩) میں نے کہا: اسحاق الازرق؟ تو کہا: ثقہ ہے۔

١٤٠) میں نے کہا: اسحاق آپ کو پسند ہے یا ابن مسہر؟ تو کہا: ابن مسہر مجھے پسند ہے۔

١٤١) میں نے کہا: اور ابن مسہر آپ کو پسند ہے یا یحییٰ بن زکریا؟ تو کہا: دونوں ثقہ ہیں۔

١٤٢) اور میں نے ان سے امیہ بن ہند کے بارے میں پوچھا؟ تو کہا: میں اسے نہیں جانتا۔

**صفحہ ۷۱**

١٤٣) اور میں نے ان سے اسباط بن نصر کے بارے میں پوچھا؟ تو کہا: ثقہ ہے۔

١٤٤) اور میں نے ان سے اسماعیل بن ابراہیم بن مہاجر کے بارے میں پوچھا کہ وہ کیسا ہے؟ تو کہا: ضعیف ہے۔

١٤٥) ایاس بن دغفل۔ اس کی حدیث کیسی ہے؟ تو کہا: ثقہ ہے۔

١٤٦) میں نے کہا: اصبغ بن سفیان، اس کی حدیث کیسی ہے؟ تو کہا: میں اسے نہیں جانتا۔

١٤٧) میں نے کہا: اصبغ بن نباتہ؟ تو کہا: کوئی شے نہیں۔

١٤٨) میں نے کہا: اسماعیل بن ابراہیم بن حبیبہ؟ تو کہا: صالح ہے۔

**صفحہ ۷۲**

کتاب کی اولین فہرست

رواۃ کی تفصیلی فہرست

” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ “

www.KitaboSunnat.com


۱۴۹) میں نے کہا: ابان بن صالح، اس کی حدیث کیسی ہے؟ تو کہا: ثقہ ہے۔

۱۵۰) میں نے کہا: یونس بن ابی اسحاق آپ کو پسند ہے یا اسرائیل؟ تو کہا: ثقہ ہے۔

۱۵۱) اور میں نے ان سے اسماعیل بن اوسط بارے میں پوچھا کہ اس کی حدیث کیسی ہے؟ تو کہا: ثقہ ہے۔

۱۵۲) میں نے کہا: انس بن عیاض، اس کا کیا حال ہے؟ تو کہا: اس میں کوئی حرج نہیں۔

۱۵۳) میں نے کہا: اسماعیل بن ابی حکیم؟ تو کہا: ثقہ ہے۔

۱۵۴) میں نے کہا: ابراہیم بن مہاجر بن مسمار۔ کیا آپ اسے جانتے ہیں؟ تو کہا: صالح ہے اس میں کوئی حرج نہیں۔

۱۵۵) میں نے کہا: صالح سے روایت کرنے والا، ابو بشر السدوسی (صفحہ ۷۳) کون ہے؟ تو کہا: میں اسے نہیں جانتا۔

۱۵۶) میں نے کہا: ایوب بن واصل۔ صاحبِ فراء۔ کیا آپ اسے جانتے ہیں؟ تو کہا: میں اسے نہیں جانتا۔

۱۵۷) اور میں نے ان سے اسحاق بن جعفر کے بارے میں سوال کیا؟ تو کہا: میں نے اس کے علاوہ نہیں دیکھا کہ یہ صدوق ہے۔

۱۵۸) میں نے کہا: اسحاق بن حازم کا کیا حال ہے؟ تو کہا: ثقہ ہے۔

۱۵۹) میں نے کہا: ابراہیم بن ابی حیہ؟ تو کہا: شیخ ثقہ ہے۔

صفحہ ۷۴

۱۶۰) میں نے کہا: اسماعیل بن سمیع؟ تو کہا: ثقہ ہے۔

۱۶۱) میں نے کہا: یہ علی بن ابی کثیر سے روایت کرتا ہے، یہ علی کون ہے؟ تو کہا: ثقہ ہے۔

کتاب کی اولین فہرست　　　　رواۃ کی تفصیلی فہرست

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



١٦٢) میں نے کہا: ابراہیم الہجری کی حدیث کیسی ہے؟ تو کہا: کوئی شے نہیں۔

١٦٣) اور میں نے ان سے ابان بن صمعہ کے بارے میں سوال کیا: تو کہا: ثقہ ہے۔

١٦٤) میں نے کہا: اسماعیل بن سالم، اس کی حدیث کیسی ہے؟ تو کہا: ثقہ ہے۔

١٦٥) میں نے کہا: یہ آپ کو پسند ہے یا ابن ابی خالد؟ تو کہا: دونوں ثقہ ہیں۔

ہم سے عثمان بن سعید نے کہا: اسماعیل، اس سے کہیں زیادہ بہتر ہے۔

١٦٦) میں نے کہا: ابراہیم بن علی الرافعی، یہ کون ہے؟ تو کہا: شیخ ہے، قریب ہی فوت ہوا ہے، اور یہ ایسا تھا کہ اس میں کوئی حرج نہیں۔

صفحہ ۷۵

١٦٧) میں نے کہا: آپ کہتے ہیں کہ مجھ سے میرے چچا ایوب بن حسن نے بیان کیا، یہ کیسا ہے؟ کہا اس میں کوئی حرج نہیں۔

١٦٨) میں نے کہا: اصرم بن حوشب، کیا آپ اسے جانتے ہیں؟ تو کہا: خبیث کذاب ہے۔

١٦٩) میں نے کہا: اسباط بن محمد کی حدیث کیسی ہے؟ تو کاہ: کوئی حرج نہیں۔

١٧٠) میں نے کہا: یہ ابو رجاء الخراسانی سے روایت کرتا ہے، یہ کون ہے؟ تو کہا: ثقہ ہے۔

ہم سے ابو سعید نے کہا: یہ عبداللہ بن واقد الہروی ہے۔

١٧١) اور میں نے ان سے ابراہیم بن رستم کے بارے میں پوچھا؟ تو کہا: ثقہ ہے۔

١٧٢) میں نے یحییٰ سے سنا جب ان سے آدم بن سلیمان کے بارے میں سوال کیا گیا (صفحہ ۷٦) جس سے سفیان نے روایت کی ہے تو کہا: یہ ابو یحییٰ بن آدم ہے، خالد بن سعید بن العاص کا مولی ہے۔

١٧٣) اور میں نے ان سے ایمن بن نابل کے بارے میں سوال کیا کہ وہ کیسا ہے؟ تو کہا: ثقہ ہے۔

کتاب کی اولین فہرست    رواۃ کی تفصیلی فہرست

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com


۱۷۴) میں نے کہا: اسماعیل بن زکریا حدیث میں آپ کو زیادہ پسند ہے یا یحییٰ بن زکریا؟ تو کہا: کیوں۔ کیا تمہارے نزدیک یہ بھائی ہیں؟ میں نے کہا: نہیں، لیکن میرا ارادہ حدیث کے حوالے سے تھا۔ تو کہا: یحییٰ مجھے پسند ہے۔

۱۷۵) میں نے کہا: ازہر السمان کی حدیث کیسی ہے؟ تو کہا: ثقہ ہے۔

۱۷۶) میں نے کہا اشرس بن حسان: تو کہا: ثقہ ہے۔

**صفحہ ۷۷**

۱۷۷) میں نے کہا: اسحاق بن یحییٰ کا کیا حال ہے جس سے ابن المبارک نے حدیث ابی بکر روایت کی ہے؟ تو کہا: کوئی شے نہیں۔

۱۷۸) میں نے کہا: اجلح؟ تو کہا: ثقہ ہے۔

۱۷۹) اور میں نے ان سے ابراہیم بن طہمان کے بارے میں سوال کیا؟ تو کہا: اس میں کوئی حرج نہیں۔

۱۸۰) اور میں نے ان سے اسحاق بن اسماعیل کے حوالے سے سوال کیا؟ تو کہا: مجھے یقین ہے کہ یہ صدوق ہی ہو گا۔

۱۸۱) ابو محمد بن اسحاق کا کی حال ہے؟ تو کہا: ثقہ ہے۔

۱۸۲) میں نے کہا: اس کا چچا عبد الرحمان؟ تو کہا: ثقہ ہے۔

**صفحہ ۷۸**

۱۸۳) عثمان بن سعید نے کہا: اور میں نے یحییٰ بن معین کو ابراہیم بن المنذر الحزامی کے حوالے سے ابن وہب کی احادیث لکھتے ہوئے دیکھا۔ میرا گمان ہے کہ یہ مغازی کے بارے میں ہیں۔

کتاب کی اولین فہرست
رواۃ کی تفصیلی فہرست

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



١٨٤) میں نے یحییٰ سے کہا: ابو اسرائیل کا کیا حال ہے؟ تو کہا: ثقہ ہے۔ میں نے کہا: اس کا نام کیا ہے؟ تو کہا: اسماعیل بن اسحاق۔



" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



# ب

۱۸۵) ہم سے عثمان نے بیان کیا انہوں نے کہا: میں نے یحییٰ بن معین سے بشر بن شغاف کے بارے میں سوال کیا تو کہا: ثقہ ہے۔

## صفحہ ۷۹

۱۸۶) اور میں نے ان سے بکر بن سوادہ کے بارے میں سوال کیا؟ تو کہا: ثقہ ہے۔

۱۸۷) میں نے کہا: بشر بن آدم کا کیا حال ہے؟ تو کہا: میں اسے نہیں جانتا۔

۱۸۸) اور میں نے ان سے برد بن سنان کے بارے میں سوال کیا؟ تو کہا: ثقہ ہے۔

۱۸۹) میں نے کہا: بہلول بن راشد، ہم نے ان کے حوالے سے قعنبی سے حدیث سنی ہے، کیا آپ اسے جانتے ہیں؟ تو کہا: میں اسے نہیں جانتا۔

۱۹۰) میں نے کہا: بقیہ بن الولید، اس کی حدیث کیسی ہے؟ تو کہا: ثقہ ہے۔

## صفحہ ۸۰

۱۹۱) میں نے کہا: یہ آپ کو پسند ہے یا محمد بن حرب؟ تو کہا: یہ بھی ثقہ ہے اور وہ بھی ثقہ ہے۔

۱۹۲) ابو سعید نے کہا: یہ محمد بن حرب الخولانی الابرش، حمصی ہے، ثقہ ہے۔

۱۹۳) میں نے کہا: بشر بن سلمان؟ تو کہا: ثقہ ہے۔

۱۹۴) میں نے کہا: بشیر بن ثابت وہ جس سے ابو بشر نے روایت کیا ہے اس کا کیا حال ہے؟ تو کہا: ثقہ ہے۔

۱۹۵) اور میں نے ان سے بشر بن السری کے حوالے سے سوال کیا؟ تو کہا: ثقہ ہے۔

کتاب کی اولین فہرست　　　　رواۃ کی تفصیلی فہرست

” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ “

www.KitaboSunnat.com



١٩٦) میں نے کہا: بکر بن سلیم، کہا: جس سے عبد الحکم نے حدیث بیان کی؟ (صفحہ ٨١) کہا: میں ان دونوں کو نہیں جانتا؟

١٩٧) اور میں نے ان سے بشار الخفاف کے بارے میں سوال کیا؟ تو کہا: ثقہ ہے۔

## صفحہ ٨٢

١٩٨) ابو سعید نے کہا: مجھے علی بن المدینی کے حوالے سے خبر پہنچی۔ ان کی رائے اِس بشار الخفاف کے حوالے سے اچھی تھی۔ اور یہ احمد بن حنبل کی جماعت / گروہ کا تھا۔

١٩٩) اور میں نے ان سے بہز بن حکیم کے بارے میں پوچھا کہ اس کی حدیث کیسی ہے تو کہا: ثقہ ہے۔

٢٠٠) میں نے ان سے کہا: بہز بن اسد حماد کی حدیث میں آپ کو پسند ہے یا عفان؟ تو کہا: دونوں ثقہ ہیں۔

## صفحہ ٨٣

ہم سے عثمان نے بیان کیا، کہا:

٢٠١) میں نے یحییٰ بن معین سے توبہ العنبری کے حوالے سے سوال کیا: تو کہا: ثقہ ہے۔

٢٠٢) میں نے کہا: تمام بن بزیع؟ تو کہا: کوئی شے نہیں۔



" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



## ث

ہم سے عثمان نے بیان کیا، کہا:

